# اس شخص کی ذمہ داری جو نماز عصر کے دوران متوجہ ہوجایے کہ ظہر کی نماز نہیں پڑھی ہے۔

**21 /Nov/ 2016**

س: جوشخص نمازعصر کے اثناءمیں متوجہ ہوجائے کہ اس نے نماز ظہر نہیں پڑھی تو اسکی شرعی ذمہ داری کیا ہے؟

ج: اگر اس خیال سے نماز عصر میں مشغول ہو کہ وہ نماز ظہر پڑھ چکا ہے اور پھر نماز کے دوران متوجہ ہو کہ اس نے نماز ظہر نہیں پڑھی اور ہو بھی ظہر و عصرکے مشترکہ وقت میں تو فوراً اپنی نیت کو نماز ظہر کی طرف پلٹالے اور نماز کو مکمل کرے اور اسکے بعد نماز عصر پڑھے لیکن اگر یہ نماز ظہر کے مخصوص وقت * میں ہو تو احتیاط واجب یہ ہے کہ اپنی نیت کو نماز ظہر کی طرف پلٹالے اور نماز کو مکمل کرے اور اسکے بعد ظہر و عصر کی دونوں نمازوں کو ترتیب کے ساتھ انجام دے اور نماز مغرب و عشاءکے بارے میں بھی ایسا ہی حکم ہے ۔

* ظہر کا مخصوص وقت اول ظہر سے لے کر اتنا وقت ہے کہ جس میں نماز پڑھی جاسکے یعنی جس میں غیر مسافر چار رکعتیں اور مسافر دورکعتیں‌پڑھ سکے۔